© rasailojaraid.com



# نظرات

ہم نے گذشتہ چند مہینوں میں مسز اندرا گاندھی پر جو نظرات لکھے تھے ان میں ہم نے صاف تحریر کیا تھا کہ اندرا حکومت ایمرجنسی کے بعد اس درجہ شاندار اور کامیاب نہیں رہی جیسی کہ امرجنسی سے پہلے تھی۔ اور اس کی وجہ یہ تھی کہ عہدیداران و افسران حکومت میں کرپشن عام ہو گیا تھا اس لئے حکومت کی پالیسی اور اس کے احکام کچھ تھے اور یہ لوگ کرتے کچھ تھے، آخر اندرا گاندھی خود اندرون ملک کرپشن کا شکار ہو گئیں۔

مسز اندرا گاندھی نہایت ذہین اور بیدار مغز خاتون تھیں اور حکومت کی ایک ایک کارگذاری پر ان کی نگاہ تھی لیکن بہر حال ان کے پہلو میں ایک عورت کا دل تھا جس پر عفو و درگذر اور چشم پوشی کی صفت کا غلبہ ہوتا ہے اس بنا پر افسران حکومت کے Corruption کے خلاف وہ کوئی مؤثر اور عملی قدم نہیں اٹھا سکیں اور اس کا جو کچھ نتیجہ ہوا وہ دنیا کے سامنے ہے۔

---

لیکن راجیو گاندھی اپنی ماں کے جواں سال، جواں ہمت اور پُر از حوصلہ و اُمنگ نوجوان ہیں انھوں نے عقل کے ناخن اس وقت لئے ہیں جب ملک آزاد ہو چکا تھا اس بنا پر ان کا دماغ ان اثرات سے بالکل پاک و صاف ہے جو تقسیم سے پہلے کی فرقہ وارانہ سیاست نے لوگوں کے دماغ پر اس طرح مسلط کر دی تھی کہ کوئی شخص خواہ کیسا ہی ہو شعوری یا غیر شعوری طور پر اس فضا کے اثرات سے اپنے آپ کو محفوظ نہیں رکھ سکتا تھا۔ اس وجہ

© rasailojaraid.com